مستِ مئِ الست بذات احد فنا
یحیی علی[۲] صبور چو یحیائے اولین

ضرغام نیستان رضا احمد[۳] اللّٰهم
ثابت بہ امتحاں چو قدمہائے مرسلین

مولائے من جناب عنایت[۴] علی ولی
سیفی زبان چو سیفِ نجاد مہاجرین

فرحت[۵] حسین کہ صدق صفا زہد و اتقا
بودند جا کرانش ولی نیک کمترین

زینساں بسے گذشتہ درو صاحبان فضل
از لاحقین ولی بقدمہائے سابقین

در زہد اتقا ہمہ مسند نشین مجد
در علم و فضل آں ہمہ بودند کاملین

در رزمگاہ غزو ہمہ رایت ظفر
در بحث گاہ علم ہمہ آیت مبین

ز انفاس پاک ایں ہمہ شاہان فخر و فقر
حق حق شنیدہ شد ز صنم خانہائے چین

از فیض پائے ہمچو بزرگان پُر ضیا
زیباست گر نہد بفلک پائے خود زمین

دین خدا کہ احمد مرسل رسول اوست
مخلوط بدع بود ز اوہام پیش ازیں

توحید پر ز شرک ریا جز و از خلوص
اعمال پر ز ریو چو اطوار کافرین

آخر یگاں یگاں کمر خویش بست جست
بہر علوم دین بطلب شد چو سابقین

مستانہ وار بے خبر از جاہ ما سبق
مال و منال جاں ہمہ کردہ فدای دین

در راہ حق نہ لومۂ لائم نہ ہیچ باک
صرف از جناب حضرت دادار خالقین

جاں بدر کردہ راہ خدا پاک بختند
از لوث و درد ریو شیاطین و ملحدین

صور صدائے حق بدمیدند در جہاں
گویا کہ بود بہر ضلالت دم پسین

معمور گشت ہند ز انوار ہُدا
لطف خدا خروج نمود آخر از کمین

آباد گشت مسجد و خمخانہا خراب
سُبحہ بدست آمدہ در جائے ساتگین

ذکر خدا بکوچہ و برزن شدہ بلند
نام خدا بخاتم دلہا شدہ نگین

ہر خانہ گشت مجلس قدسیاں جواب
القصہ زانچناں شدہ اہل جہاں چنیں

آخر زمانہ طرح دگر ریخت بعد ازاں
کورا بود بطبع چنیں شیوۂ ہمیں

یعنی بحسب عادت خود از زمان مد
ایں گنجہا نمود بزیر زمیں دفیں

اے پٹنہ اے سرائے علوم و فنون و مجد
شرط وفا نہ ہست بقائے تو بعد زیں

Marfat.com

# نسبنامہ مولوی الٰہی بخش صاحب جعفری الزینبی

| | |
|---|---|
| مولوی الٰہی بخش صاحب بن | قاضی رفیع الدین ,, بن |
| شیخ ہدایت علی ,, بن | شیخ نصر اللہ ,, بن |
| شیخ معز الدین ثانی ,, بن | شیخ ابراہیم ,, بن |
| شیخ امام الدین ,, بن | شیخ نصر الدین ,, بن |
| شیخ کریم الدین ,, بن | شیخ جلیل الدین ,, بن |
| شیخ محبوب عالم ,, بن | شیخ محی الدین ,, بن |
| شیخ پڑن شہید ,, بن | شیخ شہاب الدین ,, بن |
| شیخ اللہ داد ,, بن | خواجہ سلطان شاہ ,, بن |
| معز الدین اول ,, بن | خواجہ عبد الرحمٰن ,, بن |
| شیخ عثمان ,, بن | محمد یحییٰ ,, بن |
| شیخ مظفر ,, بن | شیخ ابو القاسم ,, بن |
| سالار خواجہ مرسل ,, بن | شیخ ابوبکر ,, بن |
| سالار خواجہ فرید ,, بن | ع شیخ ابو القاسم ,, بن |
| سالار خواجہ احمد ,, بن | الیٰ ,, بن |
| سالار خواجہ محمد ,, بن | علی الزینبی ,, بن |
| سالار خواجہ سکندر ,, بن | عبد اللہ ,, بن |
| سالار خواجہ صدر ,, بن | جعفر طیار ,, بن |
| سالار خواجہ صدور ,, بن | ابو طالب عم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بن |
| سالار خواجہ صدر الدین ,, بن | عبد المطلب جدّ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم |
| سالار خواجہ بدر الدین ,, بن | |
| قاضی عبد الرحمان ,, بن | |
| قاضی نجیب الدین ,, بن | |

ع درمیان کے چند اسماء (پانچ یا سات) محقق و مشخص نہ ہو سکے۔ علی الزینبی کی اولاد میں متعدد اس نام (ابو القاسم) کے ہیں۔

Marfat.com

اس کے بعد فرمایا کہ آپ کے مکان کے فلاں جانب کا جو کمرہ ہے، اس کمرے کے فلاں جانب کے محراب پر وہ وثیقہ رکھا ہوا ہے۔ چنانچہ لوگ گھر آئے۔ مولانا بھی ان کے گھر گئے۔ مولانا کی نشاندہی کے مطابق محراب پر وہ وثیقہ پایا گیا۔

(۲) ایم، اے، او کالج علی گڈھ کے پرنسپل مسٹر بک صاحب پٹنہ آئے اور مولانا محمد حسن صاحب مرحوم کے مکان میں بطور مہمان قیام کیا، ان کے ساتھ ڈاکٹر آیت اللہ صاحب اور مولوی محمد موسیٰ صاحب بھی (جو اس وقت اس کالج کے طالب العلم تھے) مہمانداری کے فرائض کو انجام دینے کے لئے آئے۔ مولانا محمد حسن صاحب مرحوم کے چھوٹے صاحب زادہ مولوی حامد صاحب مرحوم کی عمر اس وقت تقریباً ۹، ۱۰ سال کی ہوگی۔ مولانا محمد حسن صاحب مرحوم نے مولوی حامد صاحب کو زنانہ مکان میں رکھا اور عورتوں سے تاکید کر دیا کہ یہ باہر نہ آنے پائیں۔ ایک روز شام کے وقت مسٹر بک صاحب ڈاکٹر آیت اللہ صاحب اور مولوی محمد موسیٰ صاحب کمرہ سے باہر میدان میں چہل قدمی کر رہے تھے، کہ مولوی حامد صاحب مرحوم عورتوں کی نظر بچا کر زنانہ مکان کے دروازہ سے نکل کر اس جگہ پہنچ گئے، جہاں یہ لوگ ٹہل رہے تھے اور آئے بھی تو اس حالت میں کہ لکڑی کے گھوڑے پر سوار اور ہاتھ میں لکڑی کا کوڑا، کمر میں رسی کا کمربند اور اسی کمربند سے ایک لکڑی تلوار کی جگہ لٹکی ہوئی تھی۔ مسٹر بک صاحب کے سامنے جب یہ آ گئے تو مسٹر بک صاحب نے پوچھا کہ یہ کن کے صاحب زادہ ہیں، ان کو بتلایا گیا کہ یہ مولانا محمد حسن صاحب کے چھوٹے صاحب زادہ ہیں۔ مسٹر بک صاحب نے آگے بڑھ کر ان کو گود میں اٹھا لیا اور ان سے پوچھا کہ یہ کیا ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ میرا گھوڑا ہے۔ ہاتھ کی لکڑی کے متعلق پوچھا کہ یہ کیا ہے، جواب دیا کہ یہ میرا کوڑا ہے۔ کمر کی رسی کے متعلق بولے کہ کمربند ہے۔ کمربند سے جو لکڑی لٹک رہی تھی اس کے متعلق سوال کیا کہ یہ کیا ہے تو جواب دیا کہ یہ میری تلوار ہے۔ مسٹر بک صاحب نے پوچھا کہ آپ کہاں جا رہے ہیں جواب دیا کہ دانا پور۔ مسٹر بک صاحب نے کہا کہ دانا پور کس لئے جا رہے ہیں، جواب دیا کہ جہاد کرنے کے لئے۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ مجھ کو گود سے اتار دیجئے۔ آپ کی آنکھیں عجیب طرح کی ہیں۔ مسٹر بک صاحب نے

Marfat.com

ان کو گود سے اُتار دیا اور ہنس کر بولے کہ جہاد کا مضمون لڑکوں کے دل و دماغ میں بھی ہے۔

(۳) مولانا محمد حسن صاحب مرحوم کے انتقال کے کچھ عرصہ بعد مولانا محمد ابراہیم صاحب آروی مرحوم پٹنہ تشریف لائے۔ مولانا محمد حسن صاحب مرحوم کے بڑے صاحبزادہ مسٹر محمود الحسن صاحب بیرسٹر نے مولانا آروی مرحوم کی دعوت کی دسترخوان پر ہر قسم کے کھانے پلاؤ، زردہ، قرنی، قلیہ، قورمہ وغیرہ سب چیزیں موجود تھیں۔ مولانا آروی مرحوم نے جب کھانا تناول فرمانا شروع کیا تو فرمانے لگے کہ مولانا محمد حسن صاحب کے وقت میں اسی مکان میں ایک مرتبہ کچھ رات گئے میرا اتفاقیہ آنا ہو گیا تھا، گھر کے سب لوگ کھانا کھا چکے تھے جو چاول (بھات) بچ گیا وہ پانی میں ڈال دیا گیا تھا۔ مولانا محمد حسن صاحب مرحوم مجھ سے ملاقات کے بعد زنانہ مکان میں چلے گئے اور پانی دیے ہوئے چاول (بھات) کو چھان کر دال ترکاری لے کر باہر آئے اور فرمایا کہ اس وقت یہی حاضر ہے، میں نے اس کو کھایا لیکن جو مزہ اس پانی دیے ہوئے بھات دال ترکاری میں تھا وہ مزہ آپ کے اس پلاؤ قورمہ وغیرہ میں نہیں ہے۔ یہ فرما کر مولانا آروی مرحوم آبدیدہ ہو گئے۔

(۴) مولانا محمد حسن صاحب مرحوم اپنے ذاتی آرام کے لئے کسی کو کوئی تکلیف نہیں دیتے تھے۔ موصوف اگر شام کو کسی جگہ چلے جاتے اور نو دس بجے رات کو واپس آتے تو اپنے کھانے کے نکلوانے کے لئے نہ اپنی اہلیہ کو اور نہ کسی دائی کو اٹھاتے۔ بلکہ ان کے فرمان کے مطابق ان کا کھانا ایک چھوٹے سے نعمت خانہ میں رکھ دیا جاتا اور نعمت خانے کے اوپر صراحی میں پانی اور گلاس رکھ دیا جاتا۔ وہ جب باہر سے آتے تو اپنا کھانا خود نکال کر کھا لیتے اور خالی برتن نعمت خانہ میں رکھ کر بند کر دیتے اور اپنے بستر پر تشریف لے جاتے، لیکن کسی کو اٹھاتے نہیں۔

اللّٰھم اغفرلہ وارحمہ ونور مرقدہ والحقہ بآبائہ الصالحین۔

Marfat.com

## تاریخ انتقال از نتیجۂ فکر مولوی محمد صاحب قیس مدرس مدرسۃ المسلمین پٹنہ

ملا خاک میں آخرش جسم خاکی
وہی اب ہے صورت جو تھی ابتدا کی

جو آیا تو رونا چلا جان کھوتا
یہ دعوت عداوت ہوئی اس سرا کی

گئے جب عدم کو حبیب خدا تک
تو امید کیا پھر کسی کی بقا کی

محمد حسن عالم باعمل تھے
لکھوں کیا میں تعریف اس پارسا کی

مفسر محدث محقق مدقق
مسائل میں تحقیق تھی انتہا کی

ادق مسئلوں کو تھے حل کرتے ہم میں
انہوں نے طبیعت تھی پائی بلا کی

کہاں اتنی طاقت زبان قلم میں
لکھے مدح جو اُن کے ذہن رسا کی

حدیث اور قرآں پہ اُن کا عمل تھا
نہ پروا تھی ہرگز انہیں ماسوا کی

رفاہِ خلائق سے تھا کام ان کو
ہزاروں کی لاکھوں کی حاجت روا کی

بھلا دوسروں کا کسی طرح سے ہو
یہی اُن کی تھی فکر صبح و مسا کی

بدی کا بھی بدلہ تھے نیکی سے دیتے
تھی خو اُن کی احسن اِلیٰ من اسا کی

کسی کی نہ غیبت کبھی آپ کرتے
شکایت اگر کی تو بس برملا کی

تصنع تورع سے تھے دُور رہتے
نہ مطلق تھی بو ان میں رو و ریا کی

بہت درد تھا ان کو اسلامیوں کا
سدا ان کی حالت پہ رہتے تھے باکی

زر و وقت و آرام دعوت و ہمت
غرض قوم پر اپنی سب کچھ فدا کی

یہ پٹنہ گزٹ جس کو تم پڑھ رہے ہو
نشانی ہے اُس مخلص باصفا کی

ہے ام اے اے اسکول جو آج قائم
اسی کی ہے ذات اصل تھی اس بنا کی

ہے مشکل بہت دوسروں کو ملے پھر
انہوں نے جو راہِ ترقی تھی وا کی

بہت حوصلے دل میں مرحوم کے تھے
مگر زندگی نے نہ اُن سے وفا کی

یہ غم کیسا آج اہل پٹنہ پہ گذرا
کہ جس کے سبب ہر کہ و مہ نے بکا کی

نہ کی قدر اُن کی وہ زندہ تھے جبتک
بہت ہم نے افسوس اس میں خطا کی

Marfat.com

رسولؐ مکرم نے فرمادیا ہے | سلام اُن پہ ہو اور رحمت خدا کی
کہ چالیس مومن نے مل کر کے جس پر | نمازِ جنازہ پڑھی اور دعا کی
تو سمجھو کہ لاریب بخشا گیا وہ | سدا اُس پہ نازل ہو رحمت خدا کی
ہزاروں نے مل کر محمدؐ حسن پر | نمازِ جنازہ بخوبی ادا کی
بقول نبی ان پہ رحمت ہو نازل | خدایا اجابت ہو میری دعا کی
تھی بیماری معمولی تپ اور لرزہ | کسی کو نہ مطلق تھا خوفِ بلا کی
پہ تدبیر سے تھا نہ کوئی بھی غافل | کسی نے دعا کی کسی نے دوا کی
مگر جب اجل آپہنچی ہے سر پہ | نہ چلتی ہے پھر کچھ دوا اور دعا کی
ہوا حادثہ سخت اسلام میں یہ | مگر قلیں یوں ہی تھی مرضی خدا کی
ہمیشہ تو راضی رہ اس کی رضا پر | مشیّت سے اُس کی کبھی ہو نہ شاکی
ہوئی فکر تاریخ رحلت جو مجھ کو | تو عیسےٰ نے حیرت زدیں سے ندا کی
ہوا حادثہ ہائے کیسا یہ مشکل | جناب محمد حسن نے قضا کی


۱۸۸۹ء

## ریختہ کلک گوہر سلک جناب مولوی سید زین العابدین صاحب مدرس مذہب امامیہ محمڈن اینگلو عربک سکول پٹنہ

قد مات من له من صحابه عویل | وهو الذی هذا هم متجر جلیل
شمس العلے مجید بدر الدجی مجید | بحر العطا مفید بل ماله عدیل
لهفی علے جلیل ما ان له مثیل | قد کان لی خلیل حزینت لہ فحول
قلبی به کسیر و بفوته حسیر | عیش الذی عسیر اذ فات من جمال
قد ناد بابصوات مصرع حول فوت | اهالفات حبر متهجد نبیل

۱۳۰۷

نقشہ اُن کی اولاد و اخفا کا یہ ہے :-





لہ بتاریخ دہم ذیقعدہ ۱۳۲۱ھ عقد ثانی محمود حسن مرعرہ کا با مسماۃ عائشہ صبیہ جناب حکیم محمد احسن صاحب ساکن سیوان سے ہوا مگر انہوں نے بھی دو تین برس کے بعد لاولد انتقال کیا ۱۲

## مسماۃ شاکرہ مرحومہ

بنت مولانا ولایت علی قدس سرہٗ زوجہ مولوی حکیم عبد الحکیم صاحب مرحوم یہ لڑکی نہایت پاکیزہ صفت صاحب خلق عظیم ذی مروّت عفیفہ حلیمہ سلیمہ تھی۔ اپنے پدر بزرگوار کی خوبو اس کے اندر پوری تھی۔ نہایت نیک بخت، دیندار۔ مگر افسوس کہ اس کی عمر نے وفا نہ کی، عین عنفوان جوانی اکیس بائیس برس کی عمر میں اس دار رنج و محن کو چھوڑ کر داخل فردوس بریں ہوئی۔ اللّٰھم اغفرلھا وارحمھا والحقھا بآبائہ الصالحین - آپ غایت انصاف پسند عورت تھیں۔ جناب میں خشیۃ اللہ کا مضمون از بس تھا۔ ایک مرتبہ جناب کے

Marfat.com

زیورات کا بکس چوری ہو گیا۔ سارقہ گھر کی ایک دائی تھی۔ اس نے اس بکس کو اپنے بیٹے کے حوالہ کیا تھا۔ مگر بلطائف الحیل سے قریب قریب کُل زیورات وصول ہو گئے۔ اس لئے ملنے کے ساتھ آپ نے کل زیورات داخل بیت المال کیا۔ اُن کے صرف دو اولاد ہوئی۔ ایک عبدالحلیم جو ڈھائی برس کا ہو کر گذر گیا اور ایک مسماۃ ذاکرہ مرحومہ کہ جس کی شادی ساتھ مولوی عبدالرحیم آروی بن ناظر زکی الدین مرحوم کے ہوئی ہے۔ نقشہ اسکا یہ ہے





## مسماۃ صالحہ مرحومہ

بنت مولانا فرحت حسین قدس سرہٗ از محل اولیٰ مسماۃ محمودہ مرحومہ زوجہ مولوی عبداللہ صاحب
مرحوم بن مولانا ولایت علی قدس سرہٗ آپ کی پیدائش غالباً ۱۲۴۷ھ ہجری میں ہوئی آپ اپنے خلق
خاندان کی عورتوں میں نہایت ذی عقل و فہم و فراست صاحب مروّت و سخاوت و حلم و تقویٰ
اور دیندار تھیں اور فن سپہ گری میں بھی خوب ماہر تھیں۔ گھوڑے کی سواری نہایت عمدہ عادت
جانتی تھیں، بندوق لگانا، تلوار چلانا بھی بخوبی آپ کو معلوم تھا۔ آپ نے اس ملک افغانستان
میں رہ کر یہ باتیں سیکھی تھیں۔ آپ کی شادی بارہ برس کی عمر میں ہوئی۔ اس وقت سے آپ
برابر ہر سفر میں اپنے زوج مولوی عبداللہ صاحب کے ساتھ رہیں۔ گویا تمام عمر آپ کی سفر ہی
میں طے ہوئی۔ آپ کے اوصاف حمیدہ و شمائل ستودہ بہت کچھ ہیں۔ مختصراً عرض کیا۔
آپ کی اولاد تخمیناً دس بارہ ہوئیں اور سب حالت طفلی میں فوت ہوئیں کہ جس پر مسودہ اوراق اولاد
ہذا کو بسبب اُن کے سفر میں رہنے کی اطلاع نہ ہوئی، مگر تین لڑکے جوان ہوئے، ان کی شادی و
بیاہ بھی ہو گیا، اُن کا میں یہاں ذکر کرتا ہوں۔ امان اللہ مرحوم جو یہیں پٹنہ میں پیدا ہوئے
اور آپ اُن کو لے کر مع اپنے زوج مولوی عبداللہ صاحب کے ہمراہ جناب مولانا

ولایت علی قدس سرہٗ کے ملک افغانستان کو گئیں اور تخمیناً سات برس وہاں رہیں اور وہیں پسر دومی مطیع اللہ پیدا ہوئے۔ ان کو دو برس کی عمر کا لے کر ہمراہ اپنے زوج کے بعد وفات مولانا ولایت علی قدس سرہٗ کے پھر یہاں پٹنہ تشریف لائیں۔ اور یہاں چند برس رہ کے بمعیت اپنے زوج کے ان دونوں لڑکوں کو لے کر ملک سوات افغانستان کو گئیں۔ اور وہاں پسر سومی عبد القدوس پیدا ہوئے۔ ان کے بعد آپ اس قفس عنصری کو چھوڑ کر داخل علیین ہوئیں۔ اس سے زیادہ تفصیلی حالات مجھ کو معلوم نہیں۔ اللّٰھم اغفرلہا وارحمہا والحقہا مع المہاجرات اللاتی ہاجرن مع نبیک محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

نقشہ اُن کی اولاد کا یہ ہے :۔




## جناب مولانا عبد الرحیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ

بن جناب مولانا فرحت حسین قدس سرہٗ از بطن محل اولیٰ مسماۃ محمودہ غفر اللہ لہا۔ یہ فقیر بتاریخ چودھویں شعبان ۱۲۵۱ھ از پردۂ کتم لباس ہستی پہن کر وجود میں آیا اور چار برس کی عمر میں اوّل جناب مولوی عبد الرحیم صاحب مرحوم مغفور ساکن بہار سے جو کہ از خلفائے عظام بڑے حضرت قدس سرہٗ کے تھے، پڑھنے کو بٹھایا گیا اور قرآن متین بتمامہ ان سے ختم کیا۔ جب وہ بمعیت بڑے حضرت سفر افغانستان کو روانہ ہوئے۔ تب جناب مولوی محمد اظہر صاحب ساکن سورج گڈھ سے سبق رجوع کیا۔ چنانچہ قرآن کا ترجمہ بتمامہ اور بلوغ المرام اور بعض رسائل فارسی کے اُن سے پڑھے۔ جب وہ بھی بیمار ہو کر راہیِ وطن خود

تعلیم

Marfat.com

ہوئے۔ تب مولوی میزان الرحمٰن صاحب ساکن ڈھاکہ جو شاگرد جناب مولوی زین العابدین صاحب حیدرآبادی کے تھے ان سے تیسیر الوصول من حدیث الرسول الی جامع الاصول من اولہ الی آخرہ پڑھی۔ جب وہ بھی رہگرائے وطن مالوف خود ہوئے تب تھوڑے عرصہ تک خود حضرت والد ماجد غفر اللہ لہ سے سبق ہوا۔ اس طور پر کہ بعد نماز ظہر آپ اپنے کمرے میں درس دیتے۔ صدہا آدمی اس میں جمع ہوتے۔ تفسیر جلالین اور مشکوٰۃ شریف کو میں پڑھتا۔ اور آپ اُس کی تفسیر و شرح نہایت تفصیل سے بیان فرماتے۔ دوسرے لوگ صرف سماعت سے فائدہ اُٹھاتے۔ مگر بہت افسوس کہ یہ شغلہ بہت تھوڑے دن رہا۔ آپ کے آشوب چشم و ضعف دماغ و دیگر عوارض کے ہجوم کی وجہ سے یہ درس موقوف ہو گیا اور چند عرصے تک لہو و لعب میں میں نے اپنی عمر عزیز کو بیکار صرف کیا۔ اسی مابین سنہ ۱۲۷۰ھ میں جناب حضرت والدہ ماجدہ مسماۃ محمودہ مرحومہ نے رحلت فرمائی۔ اس وقت عمر میری تخمیناً اٹھارہ برس کی ہوگی۔ بعد اس کے ایک بزرگ کی نصیحت سے خواب غفلت سے میں چونکا اور بیدار ہوا، تب جناب اخی حکیم مولوی عبدالحمید صاحب مرحوم سے سبق رجوع کیا۔ صرف و نحو اور فارسی ان سے پڑھتا رہا۔ جب ہدایۃ النحو و فصول اکبری تک پہنچا، تب جناب ممدوح بشوق تحصیل و تکمیل علوم روانہ لکھنؤ ہوئے، تب میں نے جناب والد ماجد غفر اللہ لہ سے باصرار تمام عرض کر کے اپنا سبق جناب حضرت مولانا احمد اللہ و جناب حکیم ارادت حسین صاحب غفر اللہ لہما سے رجوع کیا۔ جس کا ذکر اوپر گزر چکا ہے۔

اسی مابین میں فقیر کی شادی ساتھ مسماۃ جمیلۃ النساء بنت حضرت شاہ حبیب الحسنین مرحوم ساکن موضع دیورہ پرگنہ اروَل ضلع گیا سے ہوئی، جس کا نسب نامہ حسب تفصیل ذیل ہے۔ عمر میری اس وقت اکیس (۲۱) برس کی تھی۔ مسماۃ جمیلۃ النساء بنت شاہ حبیب الحسنین بن شاہ غلام غوث بن شاہ غلام اشرف بن شاہ امام الدین بن شاہ تاج الدین بن شاہ نصر اللہ بن شاہ عبدالحمید بن حضرت مولانا شاہ باز محمد دیوروی ثم پھاگلپوری، پورا نسب نامہ آپ کا فصل نہم میں آوے گا، وہاں دیکھنا چاہیے۔ بعد دو ڈھائی برس کے جب جناب مولانا فیاض علی صاحب غفر اللہ لہ ملک افغانستان سے تشریف واپس لائے۔ اس وقت

حسب الارشاد جناب مولانا احمد اللہ غفر اللہ لہٗ کے ان سے سبق کیلئے رجوع ہوا۔ یہ فقیر و جناب مولوی اشرف علی صاحب مرحوم و مولوی محمد یقین صاحب مرحوم ایک ساتھ سامع و قاری ہوکر پڑھتے۔ مختصر المعانی و نور الانوار آپ ہی سے پڑھا۔ مگر چونکہ آپ کو تجرد و گوشہ نشینی بہت پسند تھی۔ ذکر اللہ و دعا وغیرہ میں بیشتر آپ اپنی عمر عزیز کو صرف کرنا چاہتے تھے۔ لہذا جبکہ جناب حضرت اخی و استاذی حکیم مولوی عبد الحمید صاحب مرحوم لکھنؤ سے تشریف واپس لائے، پھر سبق آپ سے رجوع ہوا۔ کچھ عرصے تک پڑھتا رہا۔ مگر جبکہ جناب حضرت والد ماجدم غفر اللہ لہٗ کا ۱۲۷۴ھ ہجری میں انتقال ہوگیا اور جناب حضرت اخینا الاعظم مولوی عبد اللہ صاحب مرحوم بھی اپنے گھر کو خیر باد کہہ کر مع اہل و عیال روانہ ملک افغانستان ہوگئے۔ اس وقت تمام گھر کا بوجھ اور خبر گیری معاش و مقدمات وغیرہ اس فقیر کے سر پڑا۔ ناچار شغل درس و تدریس کو چھوڑنا پڑا۔ اسی اثنا میں بتاریخ ۲۸ رمضان ۱۲۷۴ھ ہجری میں نور چشمی مسماۃ رحمت زوجہ حکیم مولوی عبد الحکیم صاحب مرحوم پیدا ہوئیں اس کے بعد ایک اور لڑکی پیدا ہوئی جس کا نام کلثوم رکھا گیا، وہ پانچ چھ مہینے کی ہوکر گزر گئی۔ بعد اس کے مسماۃ زینب مرحومہ اہلیہ عزیزی ڈاکٹر آیت اللہ سلمہ اللہ تعالیٰ تاریخ ۲۳ رجب ۱۲۷۸ھ ہجری پیدا ہوئیں (اور بتاریخ ۱۰ شوال ۱۳۱۲ھ ہجری بعمر ۳۴ سال وفات پائی) اور تخمیناً دو برس کی ہوگی اور نور چشم پارہ فوادی عبد الفتاح مدعمرہ فی طاعۃ فالق الاصباح شکم مادر میں تھے، کہ یہ فقیر بجرم اعانت باغیان سرکار بتاریخ چودہویں شعبان ۱۲۸۰ھ ہجری اپنے مکان صادق پور سے گرفتار ہوکر جیل پٹنہ میں بھیجا گیا۔ جس کا ذکر کچھ اوپر سوانح عمری میں جناب حضرت مولانا یحییٰ علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے گذر گیا ہے۔ ادھر بتاریخ ۱۱ ذیقعدہ ۱۲۸۰ھ ہجری عبد الفتاح مدعمرہ فی طاعۃ اللہ پیدا ہوئے۔ نام تاریخی محمد ضمیر الحق ہے۔ الغرض پٹنہ سے بتاریخ ستائیسویں رمضان شریف ۱۲۸۰ھ ۱۲۸۱ مع دوسرے چند شخصوں کے انبالہ روانہ کیا گیا۔ وہاں قریب ڈیڑھ برس کے قیام رہا۔ جسکے تفصیلی حالات اوپر گذر چکے ہیں اور کیفیت مقدمہ و مصائب و آلام وہاں کے بیان ہو چکے ہیں، اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔ وہاں سے روانہ زندان لاہور ہوا۔ وہاں بھی تخمیناً ایک

Marfat.com

برس آٹھ مہینے قیام رہا۔ علاوہ مصائب جیل کے ضیق تنفس بھی نہایت زور و شور کے ساتھ ان دونوں مجلسوں میں گلوگیر رہا۔ اس پر طرہ یہ کہ سپرنٹنڈنٹ و ڈاکٹر جیل لاہور ایک نہایت سخت متعصب آدمی تھا۔ شب و روز ہماری تکلیف دہی کی فکر میں رہتا۔ اور میں ان ابیات کو حسب حال اپنے پڑھتا ؎

| | |
|---|---|
| قصد ظالم بسوئے کشتن ماست<br>او دریں فکر تا بما چہ کند | دل مظلوم ما بسوئے خداست<br>من دریں فکر تا خدا چہ کند |

اے حضرات ناظرین میں وہاں کی تکالیف و مصائب کو کیا بیان کروں۔ ایک تو وہ مقام بذاتہ محزن آلام ہے، دوسرے خاص عناد و عداوت حکام بالادست اس باب میں دو زبان و خامہ اشہب تیز گام محض قاصر ہے۔ بہرکیف لاہور سے روانہ ہو کر بسواری ریل ملتان پہنچا دیا گیا۔ وہاں تخمیناً ایک ماہ قیام رہا۔ اس عرصے میں ضیق تنفس کا بھی زور کم رہا اور حاکم بھی رحم دل تھا۔ مگر وقت روانگی وہاں کے تنفس نے پھر شدت پکڑی۔ ڈاکٹر صاحب کا خدا بھلا کرے کہ جب انھوں نے ملاحظہ فرمایا فی الفور حکم دیا کہ طوق اور بیڑی وغیرہ جو قریب ایک من کے مجھ پر بوجھ تھا، اُتار اور کاٹ دیا جائے۔ چنانچہ صرف ایک کڑا آہنی پاؤں میں ڈال دیا گیا کہ قیدی کی علامت باقی رہے، پھر ملتان سے بسواری جہاز دخانی سندھ کے دریا ہو کر بعرصہ ایک ہفتہ شہر روڑی پہنچا۔ یہ شہر لب دریا ہے اور اس کی دوسری جانب سکھر کا شہر ہے اور بیچ دریا میں بطور جزیرہ کے بکھر کا قلعہ ہے۔ وہاں ایک شبانہ روز جہاز ٹھہرا رہا۔ وہاں سے چل کر ایک ہفتہ میں کوٹری کو پہنچا۔ یہ نہایت آباد شہر لب دریائے سندھ واقع ہے۔ وہاں جہاز سے اُتر کر بسواری ریل کراچی بندر کو پہنچا یا گیا۔ یہ جیل تمام جیلوں سے آرام کا ہے۔ وہاں بھی تخمیناً ایک مہینہ مقیم رہا۔ وہاں سے بسواری مرکب دخانی براہ سمندر بمبئی بھیجا گیا اور وہاں سے ریل پر سوار ہو کر بمقام تھانہ (جو ایک شہر کا نام ہے بفاصلہ بارہ کوس بمبئی سے۔ وہاں ایک قلعہ ہے مرہٹوں کا بنایا ہوا نہایت مستحکم، جو اب جیل کا کام دیتا ہے۔ اور تمام احاطہ بمبئی و پنجاب کے قیدی دائم الحبس اور بڑی بڑی میعاد والے اس جیل میں بھیج دیئے جاتے ہیں) میں آ پہنچا اور تخمیناً نو دس مہینے وہاں رہا۔

Marfat.com

یہ زندان تمام قید خانوں سے جن کا ذکر اوپر گذرا سخت تر نظر آیا۔ اس کے اہل کار شداد غلاظ کے پورے مصداق پائے گئے۔ ان قید خانوں کی کیفیت مفصل منشی محمد جعفر صاحب نے تواریخ عجیب میں لکھی ہے۔ شائقین وہاں دیکھ لیں۔ یہ رسالہ چونکہ اس کا موضوع نہیں ہے۔ لہذا عنان قلم کو ادھر سے پھیر کر اصل مطلب بیان کرتا ہوں۔ میں جب تک وہاں رہا ضیق النفس سے بالکل رہائی رہی۔ تین برس کامل ابتدائے قید سے یہاں کے پہنچنے تک شب و روز نہایت سخت ضیق النفس میں مبتلا رہا تھا۔ علاوہ شدائد قید کے یہ ایک تکلیف ایسی سخت جانگداز تھی کہ اعاذنا اللہ منہا۔ پس اس جیل میں آکر جو مجھ کو رستگاری ضیق النفس سے ہوئی تو باوجود وہاں کے شدائد و تکلیف کے بہت راحت و آرام حاصل ہوا۔ الغرض نو دس مہینے کے بعد وہاں سے ۸۰ قیدیوں کا چالان بمبئی کو روانہ کیا گیا میں بھی اس میں روانہ ہوا اور وہاں سے بسواری جہاز بادبانی بحراست بحری دستہ حربیہ روانہ پورٹ بلیر انڈمان ہوا۔ یہ راستہ اکثر جہاز ۲۰ بیس یا ۲۲ بائیس دنوں میں طے کر لیا کرتا ہے۔ مگر جب میرا جہاز سیلون کے سمندر میں پہنچا۔ نہایت سخت طوفان کا سامنا ہوا۔ جملہ قیدی جہاز کے نیچے تونک میں ایک کٹھگھرہ بنا کر مانند پنجرہ شیر کے تھا۔ نہایت بے رحمی کے ساتھ بند کر دیئے گئے۔ ہر ایک کو دوران سر و دست و قے جاری تھا۔ یہ غلاظت اور پاخانہ و پیشاب مل کر ایک تالاب کی سی کیفیت اس تونک کی ہو گئی تھی، اس میں شب و روز رہنا پڑتا تھا۔ میں اپنی نماز پنجوقتی اس نجس حالت میں بلا وضو و تیمم کسی طور پر ادا کر لیتا تھا۔ اسی حالت میں تھا کہ تائید غیبی متوجہ حال اس خستہ حال کے ہوئی، وہ یہ کہ ایک خلاصی جہاز کا سخت بیمار ہوا، کہ چند منٹ کا مہمان سمجھا گیا۔ ایسی حالت میں کپتان جہاز نے شیخ قاسم جمعدار پلٹن کو جو ہم لوگوں کے محافظ تھے بلا کر کہا کہ دوائیں انگریزی میرے پاس موجود ہیں، مگر میں ڈاکٹر نہیں کہ جو اس کا استعمال کرا سکوں۔ پس اگر تمہارے پاس کوئی ڈاکٹر ہو تو لے آؤ، کہ اس مریض کا علاج کرے۔ چونکہ ان کی پلٹن میں کوئی ڈاکٹر نہ تھا اور مجھ کو اکثر اوقات زبانی تلاوت قرآن و اشعار حافظ وغیرہ پڑھتے سنا تھا، لہذا مجھ کو خواندہ شخص سمجھ کر وہ میرے پاس آئے اور کیفیت بیان کی۔ اول تو میں نے کچھ عذر کیا کہ میں حکیم اور ڈاکٹر نہیں ہوں کہ علاج کروں

Marfat.com

اور خاصکر ادویہ انگریزی کو تو بالکل جانتا ہی نہیں، لیکن ان کے اصرار پر اس کو لطیفہ غیبی سمجھ کر متوکلاً علے اللہ قبول کر لیا۔ انہوں نے فی الفور اس کوٹھڑی کا تالا کھول کر اس میں سے مجھ کو نکال کر کپتان کے سامنے لے جا کر کھڑا کر دیا، اس وقت مجھ کو یہ شعر شیخ سعدی رہ کا حسب حال اپنے یاد آگیا۔ شعر

الا لا تحزنن آخ البلیہ　　　وللرحمن الطاف خفیہ

کپتان نے پوچھا کہ تم ڈاکٹر ہو قبل اس کے کہ میں کچھ بولوں جمعدار صاحب نے جواب دیا کہ صاحب بہت اچھا ڈاکٹر ہے، کپتان فی الفور مجھ کو مریض کے پاس لے گیا میں نے جو دیکھا تو وہ غشی کی حالت میں تھا۔ پیٹ نہایت پھولا، مشک کی سی کیفیت اور منہ سے کف جاری، پیشاب پاخانہ بند۔ آخری حالت اس کی نظر آئی، مگر نبض میں انتظام پایا۔ توکلا علے اللہ میں نے کپتان سے پوچھا کہ دوائیں کہاں ہیں۔ وہ مجھ کو اپنے کمرے میں لے گیا اور ایک الماری کھول دی، اس میں دواؤں کی شیشیاں بکثرت موجود تھیں اور سب پر چٹ لگی ہوئی تھی میں انگریزی جانتا نہیں۔ ناچار ہر ایک شیشی کو کھول کر دیکھنا شروع کیا۔ بہت جلد مجھ کو ایک شیشی روغن بیدانجیر کی مل گئی اور اس کے بعد ایک شیشی روغن بادیان اور روغن نو رنج کی بھی مل گئی۔ میں ان تینوں دواؤں کو لے کر مریض کے پاس آیا، چونکہ اس کا دانت بالکل بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے کپتان سے کہا وہ فی الفور ایک آلہ آہنی لے آیا اور منہ اس کا کھولا۔ میں نے ایک تولہ روغن بیدانجیر میں دو تین قطرہ روغن بادیان و پیپرمنٹ ڈال کر مریض کے منہ میں چھوڑ دیا اور اوپر سے تھوڑا گرم پانی دیدیا کہ دوا فرو ہو جائے تھوڑے عرصے کے بعد اس کو ایک دست نہایت عفن اور کثیر المقدار آیا کہ جس سے مریض کا نفخ شکم کم ہوا اور آنکھیں کھول دیں اور افاقہ شروع ہو گیا۔ جہاز والے اس حالت کو دیکھ کر نہایت خوش ہوا۔ جمعدار شیخ قاسم صاحب نے سفارش کی کہ یہ قیدی اس کوٹھڑی سے نکال کر باہر رکھا جائے جمعدار صاحب کے کمرے کے پاس، کپتان نے منظور کیا۔ میں اس وقت سے وہیں رہنے لگا۔ کھانا بھی مطبخ جمعدار سے ملنے لگا۔ تمام دن رات پلٹن کے سپاہی گھیرے رہتے، میں قرآن پڑھ کر ان کو سنایا کرتا۔ شدت طوفان سے یہ حالت ہوئی کہ جہاز راستے

Marfat.com

سے بہک گیا، ہر ایک کو زندگی سے مایوسی ہوئی۔ کپتان نے بھی مایوس ہو کر آخر تدبیر یہ کی کہ مستول وغیرہ کاٹ کر گرا دیا اور جہاز کو تختہ بند کرکے مانند پیپے اور صندوق کے سمندر میں چھوڑ دیا کہ جدھر چاہے جائے۔ سترہ دن یہ کیفیت رہی کہ خلاصیوں کو بھی ہوش نہ رہا۔ کھانے پینے کا کس کو ہوش تھا۔ بعد اس کے کہ جب طوفان کم ہوا تو تک کا تختہ اوپر کا کھولا گیا۔ جہاز مرمت کیا گیا۔ راستہ پر لایا گیا۔ پانی میٹھا اور چاول دال وغیرہ قریب اختتام پہنچ چکا تھا۔ ایک ہفتہ کی دیر اگر اور ہوتی تو سب لوگ گرسنہ و تشنہ ہلاک ہو جاتے۔ الغرض وہ بائیس تئیس دن کا راستہ ایک مہینے اکیس دن میں طے کرکے پورٹ بلیر انڈمان میں پہنچا۔ جناب مولانا احمد اللہ رحمۃ اللہ علیہ قیدیوں کی خبر آمد سُن کر وہاں گھاٹ پر موجود تھے۔ قیدی لوگ بذریعہ کشتی کے جب جہاز سے اُتارے جانے لگے، آپ نے ان سے مل کر میرا حال پوچھا۔ اتنے میں مَیں بھی ایک کشتی میں وہاں پہنچ گیا۔ آپ نے بآواز بلند پکارا اس کشتی میں مولوی عبدالرحیم بھی ہیں۔ میں نے لبیک کہی، اور فی الفور کشتی سے کود کر آپ کے بغلگیر ہو گیا۔ یہ پورے چار برس کے بعد جو آپ سے ملاقات حاصل ہوئی، اس کی کیفیت تحریر کے لائق نہیں۔ آپ کو اس حالت میں دیکھنے کا غم اور شرف ملاقات کی خوشی کچھ عجب دورنگی کیفیت تھی۔ ایسی تضاد کیفیت کو بیان کرنا کچھ ابو دلامہ کے سے قلم فرسا کا کام ہے ؎

عینای واحدۃ تری مسرورۃ ۔۔۔ بامیرھا جزلی واخری تذرف

تبکی وتضحک تارۃ ولیسوءھا ۔۔۔ ما انکرت ویسرھا ما تعرف

میرے پاس ایسے الفاظ نہیں کہ جو اُن کی تصویر کھینچ کر ہدیہ ناظرین کرسکوں۔ بعد اس کے جناب جناب مولانا یحییٰ علی رحمۃ اللہ علیہ و سید نا میاں عبدالغفار صاحب و دیگر رفقا بھی آتے گئے اور ملتے گئے۔ منشی محمد جعفر صاحب اُس وقت ایک دوسرے ٹاپو میں سرکار کی طرف سے مامور تھے۔ اُن سے اس وقت ملاقات نہ ہوئی، دو چار روز میں وہ بھی ہماری خبر سُن کر آئے اور ملاقات ہوئی۔ دو روز تک میں داخل ہسپتال رہا۔ کیونکہ بسبب تکان راہ کے بیمار ہو گیا تھا۔ جب وہ جہاز جس پر ہم لوگ آئے تھے وہاں سے روانہ ہو گیا، اور جملہ قیدی بحالے

Marfat.com

ہمراہی ڈویژنوں میں منفرق طور پر بھرتی ہو گئے۔ میں بھی ڈویژن نمبر ۱۲ میں بھرتی ہو گیا، مگر جناب منشی سید اکبر زماں صاحب ہیڈ منشی چیف کمشنر بہادر و جناب حافظ مولوی جمال احمد صاحب کورٹ منشی ڈپٹی کمشنر بہادر نے میرا بستر اجمعدار سے کہہ کر اٹھوا لیا اور جناب حافظ صاحب موصوف کے مکان میں جو صرف چند قدم کے فاصلہ پر مکان سکونتی مولانا احمد اللہ و مولانا یحییٰ علی علیہ الرحمہ والغفران سے تھا، کر دیا۔ میں روزانہ علی الصباح اپنے ڈویژن میں چلا آتا اور دوسرے قیدیوں کے ساتھ پریڈ پر کھڑا ہو جاتا۔ جمعدار اس ڈویژن کا ہندو تھا۔ مگر ہم پر مہربانی کر کے کسی آسان کام میں دے دیا کرتا۔ اسی طرح پر دو مہینے گذرے تھے کہ ایک جگہ محرری کی گھاٹ پر خالی ہوئی۔ جناب چیف کمشنر صاحب نے حسب معمول و قانون وہاں کے حکم دیدیا کہ جتنے قیدی پڑھے لکھے ہیں اور وہ ہنوز مشقت میں ہیں کسی تحریری کام میں نہیں ہیں، ان کی فہرست بنا کر دو۔ چنانچہ جب ہیڈ منشی صاحب نے ایک فہرست ایسے لوگوں کی تیار کی کہ جس میں چودہ آدمی کے نام تھے۔ نمبروار، چونکہ میں ازبسکہ نووارد تھا، لہٰذا میرا نام سب کے اخیر میں اس فہرست کے درج کیا گیا۔ صاحب بہادر نے حکم دیا کہ یہ چودہ آدمی واسطے ملاحظہ کے بلائے جائیں۔ چنانچہ اس کا پروانہ ہر ڈویژن کے جمعدار کے پاس بھیجا گیا، کہ وہ جمعدار اس قیدی کو لے کر فلاں وقت صاحب کے بنگلہ پر حاضر ہو۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ سب قیدی نمبروار کھڑے کر دیئے گئے، یعنی جو قیدی کہ اوّل اس جزیرہ میں پہنچا تھا، اس کا نمبر اول تھا اور اس کے بعد آیا تھا۔ اس کا اس کے بعد علیٰ ہٰذا میرا سب کے اخیر میں تھا۔ ہیڈ منشی صاحب فہرست لے کر کھڑے ہو گئے اور صاحب بہادر نے ایک سرے سے ملاحظہ شروع کیا۔ اس فہرست میں ہر ایک کا نام و نمبر و ولدیت و سکونت اصلی و مقدمہ و تاریخ فیصل مقدمہ و جرم و تاریخ وصول انڈمان وغیرہ درج تھا۔ صاحب بہادر ہر شخص کے پاس آ کر کھڑے ہوتے اور ہیڈ منشی کل کیفیت مندرجہ فہرست پڑھ کر سُنا دیتا اور بڑے بڑے عملے ہیڈ کلارک و جمعدار وغیرہ ساکت کھڑے تھے کسی کی مجال نہ تھی کہ ایک حرف بھی سفارش کا کسی کی نسبت کر سکے۔ ایسی حالت میں جملہ چودہ آدمی اپنا اپنا دھیان اس قادر مطلق و فعال بر حق کی طرف لگائے ہوئے کھڑے تھے، کہ

Marfat.com

پردۂ غیب سے کیا ظہور میں آتا ہے۔ چونکہ معمول تھا کہ پرانے نمبر کا آدمی مقرر کیا جاتا تھا۔ لہٰذا میں مایوسی کی حالت میں سب کے اخیر میں کھڑا تھا کہ صاحب بہادر ہر ایک کو ملاحظہ کرتے ہوئے میرے پاس آکر کھڑے ہو گئے اور ہیڈ منشی کو اشارہ منظوری کا کیا۔ منشی صاحب نے فی الفور منظوری کا لفظ ہمارے نام کے محاذی اُس فہرست میں لکھ کر پیش کیا۔ صاحب نے اُسی جگہ کھڑے کھڑے دستخط کیا اور چلے گئے۔ اس کے بعد میں منشی ہو گیا۔ چھ روپیہ ماہواری مقرر ہو گیا۔ منشیوں کا لباس پہننے لگا اور گھاٹ پر محرری کا کام کرنے لگا ساڑھے تین سو قیدی اس ڈویژن میں بھرتی تھے اور ایک جمعدار جس کو وہاں کے اصطلاح میں ڈویژن کہتے تھے اور ایک سب ڈویژن کہتے تھے اور ایک سب ڈویژن اور دو محرر مقرر تھے۔ اُس گھاٹ پر ہمیشہ دو محرر مقرر رہتے تھے۔ یہ دونوں باری باری وہاں کام کرتے، یعنی ایک ضرور حاضر رہتا۔ ایک آتا، تب دوسرا اپنے حوائج ضروری کو جاتا۔ کپتان ڈارورٹ صاحب ہاربر ماسٹر ہمارے افسر تھے۔ نہایت رحم دل اور نیک مزاج آدمی تھے۔ میرے ساتھی بیدا انشاء اللہ صاحب ساکن باندہ جو ایک نہایت عمر رسیدہ آدمی بمقدمۂ بغاوت وہاں گئے تھے۔ ہم اور وہ دونوں آپس میں محبت و اتفاق کے ساتھ رہنے لگے۔ کام یہ تھا کہ جتنی کشتیاں روز باہر سے آویں یا اُس ٹاپو سے باہر کو جاویں سب کی تلاشی لینا کہ کوئی شے ناجائز یا کوئی قیدی بلاحصول پاس آمد و رفت نہ کرے اور ہر ایک کشتی کی آمد و رفت کا وقت و تعداد و مسافر و اسباب وغیرہ درج کتاب ہو اور سرکاری پروانجات و خطوط وغیرہ بھی دوسرے ٹاپوؤں کو روانہ کئے جانے اور جو دوسرے ٹاپو سے آتے وہ ہر ایک صاحب کے بنگلے پر بھیج دیئے جاتے۔ اسی طرح تین برس کامل میں اس گھاٹ پر محرر رہا۔ چونکہ میں اُس وقت جوان تھا اور میرے ساتھی میر انشاء اللہ صاحب بوڑھے تھے۔ لہٰذا جب کبھی دوسرے ٹاپوؤں کی کمان ہوتی۔ یعنی دوسرے ٹاپوؤں میں جاکر کام کرنا پڑتا تو میں ہی جاتا۔ القصہ تین برس میں اسی کام میں رہا پھر وہاں سے کمسریٹ ڈپارٹمنٹ میں تبدیل کر دیا گیا۔ ایک برس وہاں کام کیا۔ پھر سٹلمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں تبدیل ہوا۔ اور ماتحت مسٹر کراس صاحب اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے

Marfat.com

کام کرتا رہا اور نیز کچھ شغل تجارت بشراکت ایک فری دوکان دار کے کرتا رہا۔ چنانچہ جب میں ہڈو ٹاپو کو تبدیل ہوا جس کا ذکر آئندہ آوے گا۔ اس وقت اس کاروبار کو اٹھا کر قریب چار سو روپیہ کے جو بطور نفع کے بچا تھا مع صندوق کتاب وغیرہ ایک دوست دو کاندار کے پاس رکھ دیا۔ اسی اثنا میں شیر علی خاں حجام افغانی وحشیانہ حرکت یہ کی لارڈ میو صاحب کو مار ڈالا جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے اور حکام پورٹ بلیر جملہ قیدیوں کی طرف سے بدظن ہو گئے۔ خصوصاً مسلمانوں کی طرف سے۔ کیونکہ وہ قاتل تھے تو مسلمان ہی تھا۔ لہٰذا جملہ قیدی عہدہ دار مسلمان جو اُس ہدرٹاپو اس آئیلنڈ میں مقیم تھی ہفصل کے ٹاپو وَئیمں تبدیل کر دیئے گئے اور وہاں سے ہندو بلا کر اس جگہ معمور کئے گئے۔ چنانچہ فقیر بھی ہڈو میڈیکل ڈپارٹمنٹ میں تبدیل کر دیا گیا۔ وہاں ماتحت مسٹر جارڈن صاحب اپاتھی کیری کے مقرر ہوا۔ صاحب موصوف ازبسکہ غصّہ ور اور تند مزاج مشہور و معروف تھے۔ جو محرر یا جمعدار ان کے ماتحت مقرر کیا جاتا۔ اس کو وہ خود بھی خوب مار پیٹ کرتے اور کورٹ میں بھیج کر سزا دلا کر جیل بھجوا دیا کرتے اور سخت کلامی اور گالی گلوچ تو ایک ادنیٰ بات تھی۔ لہٰذا مجھ کو اور میرے تمام احباب کو اس تبدیلی کا ازبسکہ رنج و الم ہوا۔ لیکن کرنا کیا تھا، مجبوراً جانا پڑا۔ جب میں وہاں پہنچا۔ کام اس ہسپتال کا اور کتابیں رجسٹر اور رپورٹ وغیرہ وہاں کی نہایت ابتر پائیں۔ کیونکہ کوئی محرر ایک مہینہ بھی مستقل طور پر وہاں کام کرنے نہیں پایا تھا کہ سزایاب ہو جاتا تھا۔ میں نے متوکلاً علی اللہ نہایت خوف کی حالت میں اپاتھی کیری صاحب سے کہا کہ صاحب یہاں کے دفتر کی حالت نہایت ابتر ہے۔ نہ مرضیٰ کا کوئی رجسٹر مرتب ہے اور نہ رپورٹ کی کوئی کتاب ہے، میں اس کام کے کرنے سے مجبور ہوں۔ جب تک کہ مجھ کو کتابیں نہ ملیں اور دو مہینے کی مہلت ملے، تاکہ میں ساری کتابوں کو مرتب کروں، چنانچہ صاحب ممدوح نے منظور کیا اور فی الفور چھ عدد کتابیں ساوتھ کمسریٹ سے انڈنٹ کر کے منگا دیں۔ ہڈو ہسپتال، جملہ ہسپتال ہائے، پورٹ بلیر سے بڑا تھا۔ وہاں چھ قسم کے ہسپتال تھے۔ دو مردوں کے واسطے۔ اور ایک عورتوں کے واسطے۔ ان تینوں میں ہر قسم کے مریض داخل ہوتے اور دو پاگلوں کے ہسپتال تھے۔ ایک نیم پاگل کے واسطے اور ایک پورے پاگل

Marfat.com

کے واسطے اور ایک جذامی اور کوڑھیوں کے واسطے یہ کام ایسا سخت تھا کہ ایک آدمی اس کو ہرگز نہیں کرسکتا اور اس پر طرہ یہ کہ حاکم مافوق ایسا تُند مزاج کہ ایک بات اس سے دریافت کرنا منتعسر بل محال اور میں ایک نیا آدمی کہ کچھ بھی ان کاموں سے واقف نہیں، بہرکیف اللہ پر توکل کرکے میں نے کتابوں کو درست کرنا شروع کردیا اور چلتی کتابیں انگریزی میں وہاں تھیں ہر ایک کا ہیڈنگ یعنی سرنامہ انگریزی رائٹر سے دریافت کرکے اپنی کتابوں کو اسکے موافق درست کر ڈالا۔ ایک مہینے میں ساری کتابیں مرتب کرکے دوسرے مہینے کے شروع میں اپاتھی کیری صاحب کو ہر ہر سوال کا جواب دینا شروع کردیا، اور جو کچھ وہ دریافت کرتے وہ میں بنا دیتا اور خود اول رپورٹ تیار کرکے اس کا ترجمہ اپاتھی کیری صاحب کو کرادیتا، تب تو صاحب موصوف نہایت خوش ہوئے اور فی الجملہ عنایت کرنے لگے۔ اور دوسرے مہینے میں تو میں نے اپاتھی کیری صاحب کو ایسی آسانی دی کہ ان کو کوئی رپورٹ وحساب مہینے کے اختتام پر خود تہ بنانا پڑا، بلکہ میں نے اوّل تیار کرلیا اور ان کو صرف ترجمہ اس کا کرادیا۔ جب انہوں نے اس حساب کو صحیح اور موافق انگریزی کے پایا تو زیادہ تر خوش ہوئے۔ اسی درمیان میں خانساماں نے اپاتھی کیری صاحب کو دیکھا کہ اُن کے بدن پر تمام دنیا کے داغ سیاہ سیاہ بکثرت موجود ہیں۔ اس خانساماں نے صاحب سے ذکر کیا کہ آپ کے منشی کے پاس اس کی دوا نہایت عمدہ موجود ہے جس سے بہت لوگ شفا پاچکے ہیں۔ اپاتھی کیری صاحب چونکہ عرصہ دراز سے اس مرض تکلیف وہ میں مبتلا تھے اور بہت کچھ ڈاکٹری دوا کرچکے تھے، لہٰذا جب وہ ہسپتال میں آئے۔ مجھ سے دریافت کیا اور اپنا بدن کھول کر دکھلا دیا۔ اس گورے بدن پر بیسیوں داغ سیاہ اُبھرے ہوئے نظر آئے۔ میں نے کہا کہ اگر آپ تھوڑا لبان منگوا دیجئے تو میں ایک ہی دن میں اس کی دوا تیار کئے دیتا ہوں۔ صاحب نے فی الفور دو پونڈ لبان کا انڈنٹ کمسریٹ کو بھیجدیا۔ وہاں سے دو روز میں وہ لبان پہنچا۔ میں نے گلی ہانڈی میں بطور نل بھبکہ کے ایک شیشی میں کھینچ کر صاحب کو دیا۔ دو چار ہی روز کے لگانے میں بہت کچھ فائدہ اس کا معلوم ہوا۔ نہایت خوش ہوئے اور ہسپتال میں جب آئے، مجھ سے ذکر کیا۔ میں نے کہا کہ جبتک اس جگہ کا چمڑا صاف

ہوکر اصلی رنگ نہ پیدا کرے، آپ برابر لگاتے چلے جائیے۔ چنانچہ بمنہ وکرمہٖ تعالیٰ عرصہ ہفتہ عشرہ میں وہ بالکل صاف ہو گیا، تب تو از حد خوشی ہوئی اور ڈاکٹر ریڈ صاحب جنرل ڈاکٹر جو ہفتہ میں ایک بار واسطے ملاحظہ ہسپتال کے تشریف لایا کرتے تھے۔ اُن سے ذکر کیا اور اپنا بدن کھول کر دکھلایا۔ اور ساری کیفیت اس کی بیان کی اور کہا کہ اس ہسپتال میں بہت لوگ اس عارضہ میں مبتلا ہیں۔ اگر آپ حکم دیں۔ اس دوا کا استعمال ان لوگوں کو کرایا جائے۔ جنرل ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ بغیر منظوری گورنمنٹ کوئی دوا ہسپتال میں نہیں لائی جا سکتی اور منظوری گورنمنٹ کے واسطے ضرور ہے کہ لکھا جائے کہ یہ دوا کیونکر اور کہاں سے ہاتھ لگی۔ اس وقت مجھ کو اپنی رپورٹ میں لکھنا پڑیگا۔ کہ یہ دوا ایک ہندوستانی قیدی سے مجھ کو معلوم ہوئی اور یہ نہایت شرم کی بات ہے کہ ہندوستانی قیدی کا نام اشتہارات ولایت میں چھپے اور ملکہ کے حضور تک پہنچے۔ لہذا میں اسکو اس ہسپتال میں استعمال کرانے کا حکم نہیں دیسکتا۔ اپاتھی کیری صاحب ساکت ہوگئے اور تخمیناً دو برس میں انکے ماتحت اس ہسپتال میں نہایت راحت و آرام کے ساتھ کام کرتا رہا۔ بعد اسکے جب صاحب کی بدلی مدراس کو ہوئی، روغن لُبان اُتارنے کی ترکیب صاحب نے مجھ سے سیکھ لی اور دوسرا لُبان منگوا کر اس کا روغن مجھ سے اُتروا کر اپنے ہمراہ ایک بوتل میں لے لیا اور ایک سرٹیفکیٹ نیک چلنی کی دی۔ اور جنرل ڈاکٹر صاحب سے زبانی بھی بہت کچھ سفارش کی۔ بعد اُس کے ان کی جگہ پر تلب صاحب اپاتھی کیری آئے۔ وہ نہایت خوش اخلاق و نرم مزاج آدمی تھے۔ ہم سب لوگوں کو ان کے آنے کی خوشی ہوئی۔ لیکن کچھ عجب قدرت خدا کی، اُن کے آنے کے تھوڑے ہی دنوں بعد برخلاف توقع و اُمید اُن سے تکلیف پہنچی۔ اور انہوں نے ہماری شکایتیں جنرل ڈاکٹر صاحب سے کر دیں، مگر چونکہ ڈاکٹر صاحب بخوبی ہمارے حال سے واقف تھے، انہوں نے اس پر کچھ کان نہ رکھا۔ جب زیادہ تر تلب صاحب کو میں نے اپنے سے برہم پایا۔ ڈاکٹر صاحب سے عرض کر کے میں چاتھم ہسپتال کو تبدیل ہو گیا۔ وہاں ایک برس رہا۔ چونکہ حسب قانون تجربہ پورٹ بلیر میں اب دوکانداری کا پیشہ کرنے کا مستحق ہو گیا۔ میں نے یہ خیال کیا کہ اس سرکاری ملازمت میں جناب حضرت ۲۱

مولانا احمد اللہ رحمۃ اللہ کی خدمت سے محروم رہتا ہوں اور وہ نہایت کمزور و ضعیف ہو گئے ہیں اور محتاج بخدمت۔ بہتر یہ ہو کہ میں لیسنس پیشہ وری کا لے لوں، اور مولانا کو بھی اپنے ہمراہ کر لوں۔ تاہم دونوں ایک جا رہ کر اپنا غم غلط کریں۔ اور میں مولانا کی خدمت گذاری سے بھی شرف حاصل کروں۔ اور وہ چار سو روپیہ جو بروقت تبدیلی راس آئیلینڈ سے ہڈو کو ایک دوکاندار کے پاس رکھ دیا تھا۔ اسی روپیہ سے دوکان کر لوں گا۔ چنانچہ میں نے درخواست حصول لیسنس پیشہ وری بحضور ڈسٹرکٹ افسر کے کر دی۔ بعد بہت گفت و شنود کے عرصہ دراز میں وہ درخواست منظور ہوئی۔ اور میں ہسپتال کے کام سے مستعفی ہو کر موضع ابرادین کو تبدیل ہو گیا، کیونکہ وہ جنوبی ضلع کا صدر تھا۔ اور وہاں پولیس اور پلٹن بکثرت موجود تھے۔ جب میں چاتھم سے چلا، اس وقت صرف تیس روپیہ میرے پاس موجود تھا۔ جب ابرادین پہنچا، اس وقت ایک مکان سرکاری جو عین موقع دوکانداری پر تھا۔ نیلام ہو رہا تھا۔ میں نے فی الفور اس کو اسی تیس ۳۰ روپیہ میں خرید لیا۔ اب بجز چند آنوں کے میرے پاس اور کچھ نہ رہا۔ غرض میں نے اس مکان کو خرید کر اس میں اپنا اسباب وغیرہ رکھ کر دوسرے روز راس آئیلینڈ کو گیا اور چاہا کہ رکھے ہوئے روپیہ کو لے کر اسباب دوکانداری اور نیز خورد و نوش کے واسطے چاول دال لے آؤں۔ جب وہاں گیا اور اپنے دوست سے ملاقات کی، اس کا حال نہایت ابتر و مفلس پایا۔ معلوم ہوا کہ اس کا مکان دوکان و کل اسباب جل کر خاک و خاکستر ہو گیا۔ اب اس کے پاس کیا تھا جو ایک کوڑی بھی ملے۔ اس وقت کی کیفیت غم و اندوہ کی ایسی نہیں جو احاطۂ تحریر میں آئے۔ کیونکہ کل دارومدار ہمارے کام کا اسی روپیہ پر تھا۔ اسی کے بھروسے پر یہ لیسنس حاصل کیا تھا۔ اب اگر پھر رجعت قہقری کروں اور سرکار سے اسی خدمت قدیم کے ملنے کی درخواست کروں تو ہرگز قرین اجابت نہ ہو گی، بلکہ سزایاب ہونے کا خوف ہے۔ کیونکہ وہ جیل خانہ ہے، وہاں ہر کام اپنے اختیار سے کرنا منصرف محال۔ الغرض میں نہایت متفکر غم و اندوہ سے بھرا ہوا ایک دوسرے دوکاندار کی دوکان پر جو وہ بھی ہمارے دوستوں میں سے تھے، جا بیٹھا۔ وہ نہایت خوش ہوئے اور آنے کا سبب پوچھا۔

(حاشیہ: ترک ملازمت کا خیال — تجارت)

Marfat.com

میں نے اپنے لیسنس لینے کا حال اور ایراڈین میں دوکان خریدنے کا حال ان سے بیان کیا۔
مگر روپیہ کی بربادی کا حال ان پر ظاہر نہ کیا۔ انہوں نے باصرار تمام مجھ سے کہا کہ آپ کو حسب قدر
اسباب کی ضرورت ہو، مجھ سے لیجئے۔ چونکہ میرے پاس روپیہ نہ تھا، اس بات کو ٹال دیا لیکن
جب اُن کا اصرار حد سے زیادہ ہوا تو کہنا پڑا۔ جب انہوں نے روپیہ تلف ہونے کا
حال سُنا، بہت افسوس کیا اور پہلے سے زیادہ اصرار مال لینے پر شروع کیا، بلکہ بلا درخواست
ہماری تخمیناً پانسو روپیہ کا اسباب جو وہاں کی دوکانداری کے واسطے ضروری ہوتا ہے۔ کپڑا
اور ظروف برنجی و مسی وغیرہ علیحدہ کرکے اور اس کی فہرست تیار کرکے ایک مزدور بلاکر
میرے ہمراہ کر دیا۔ میں نے اس کو اپنے ہمراہ لاکر دوکان میں رکھ دیا اور بیچنا شروع کر دیا
اس کے تھوڑے ہی عرصہ بعد بعض احباب جو ملازم سرکاری تھے۔ اور وہ بارک میں رہا کرتے
تھے۔ وہ کچھ روپیہ ہمارے پاس اماناً رکھنے کو لائے۔ میں نے انکار کیا کہ میرا گھر ٹٹی کا ہے
مبادا کوئی چور آکر صندوق توڑ کر لے جاوے تو میں اس کے تاوان کا متحمل نہیں ہو سکتا ہوں۔
جب انہوں نے بہت کچھ اصرار شروع کیا۔ میں نے کہا کہ ایک شرط پر لے سکتا ہوں کہ اس
روپئے سے میں اپنا کاروبار دوکانداری کروں، اور جب آپ کو اپنا روپیہ جزءاً یا
کلاًّ واپس لینا ہو تو پندرہ دن قبل مجھ کو مطلع کیجئے۔ میں روپیہ بہم پہنچا کر آپ کو دیدوں گا
چنانچہ انہوں نے اس شرط کو منظور کیا۔ میں نے روپیہ لے کر کلکتہ جہاز پر روانہ کر دیا۔
وہاں سے مال منگا کر بیچنا شروع کیا۔ پھر تو اسی طور پر اور بہت سے لوگ روپیہ لاتے
گئے۔ اور بہ شرط مذکورہ بالا میں روپیہ لیتا چلا گیا۔ حتیٰ کہ دس بارہ ہزار روپیہ میرے
پاس جمع ہو گیا۔ میں نے پٹنہ سے مولوی محمد تقی صاحب کو بلا کر کلکتہ میں اپنا ایجنٹ مقرر
کیا۔ اور اُن کا فی صدی پانچ روپیہ کمیشن مقرر کرکے مال منگانا شروع کیا۔ اب تو
بعون اللہ و قدرتہٖ میرا ہاتھ خوب کشادہ ہو گیا، اور قریب سو روپیہ ماہواری
کے خالص منافع ملنے لگا اور دوسرے دوکانداروں کو بھی جو کلکتہ سے مال منگایا کرتے
تھے۔ مولوی محمد تقی صاحب مرحوم کی طرف رجوع کرا دیا، اور اس روپیہ کا ضامن میں
خود ہوا۔ پھر تو مولوی صاحب مرحوم کو بھی تخمیناً سو روپیہ ماہواری ملنے لگا۔

ترویج اور کشادگی

Marfat.com

اور دوکانداری کا فن بھی بتایا گیا۔ مگر افسوس کہ وہاں کی آب و ہوا اس کے مزاج کے موافق نہ ہوئی اور وہ سخت بیمار ہو گیا۔ وجع المفاصل و ورم طحال وغیرہ میں مبتلا ہو گیا ہر چند علاج ڈاکٹری وہاں کرتا رہا، مگر جب کچھ فائدہ نہ دیکھا، ناچار ارادہ ہوا کہ اس کو مکان کو واپس کر دوں۔ اس وقت خیال ناقص میں اس ظلوم و جہول کے یہ بات گذری کہ مجھ پر مقدمہ کا ثبوت بہت کم ہے، اور نیز جان لارنس صاحب گورنر جنرل کے پاس ہم لوگوں کی درخواست اپیل گذرتی تھی۔ اس پر انہوں نے حکم دوام حبس کو منسوخ کر کے ناصدور حکم ثانی قید وعبور دریائے شور کا حکم دیا تھا۔ لہذا خیال میں یہ بات گذری کہ اس وقت لارڈ رپن صاحب گورنر جنرل ہیں جو نہایت رحم دل اور نیک مزاج مشہور ہیں۔ اور ہم لوگوں کی قید کو بھی قریب انیس برس کے گذر گیا۔ اس صدور حکم ثانی کا وقت بھی پہنچ گیا ہے۔ اگر اس وقت میں کوئی تحریک رہائی کی جائے تو غالباً مفید پڑے گی اور گوہر مراد ہاتھ میں آوے گا۔ چنانچہ منشی محمد جعفر صاحب تھانیسری جو ہمارے ساتھ قید ہوئے تھے، انہوں نے ایک مسودہ عرضی کا تیار کیا اور وہ مسودہ عبدالفتاح کے ساتھ کر کے پٹنہ کو روانہ کر دیا۔ عبدالفتاح نے پٹنہ پہنچ کر مسودہ کو ادام عزیزی شمس العلماء مولوی محمد حسن مرحوم و مغفور کو دیا۔ انہوں نے اس مسودہ کو ہماری اہلیہ کی طرف سے بہ اصلاح چند وکلاء مرتب و مکمل کر کے اور چھپوا کر بحضور لارڈ رپن صاحب وائسرائے و گورنر جنرل ہند بذریعہ ڈاک بھیج دیا۔ گورنر جنرل بہادر نے اس عرضی کے پہنچنے پر کل کاغذات متعلق اس مقدمے کے ضلع سے طلب کر کے خوب چھان بین اس مقدمہ کی کی۔ اول بڑے بڑے افسر مثل لفٹنٹ گورنر پنجاب و بنگال و ممالک مغربی و شمالی و کمشنر وغیرہ سے مشورہ لے کر دس مہینے کامل اس کی تحقیقات کر کے عدل نوشیروانی کو کام میں لا کر حکم رہائی جملہ ہمارے اہل مقدمہ کا صادر فرمایا۔ چنانچہ اس وقت صرف چھ آدمی اس مقدمہ کے باقی رہ گئے تھے۔ ان کل کے کل رہائی پانے والوں کے نام یہ ہیں۔ عبدالرحیم مسود اوراق ہذا۔ میاں عبدالغفار صاحب ساکن پٹنہ۔ میاں تبارک علی صاحب ساکن پٹنہ۔ منشی محمد جعفر صاحب تھانیسری ثم انبالوی۔ مولوی

Marfat.com

امیر الدین صاحب ساکن ضلع مالدہ۔ مسعود خاں صاحب ساکن بگوڑا۔ الغرض یہ فقیر جزیرہ انڈمان سے مع دیگر ہمراہیان رہائی پاکر لارڈ صاحب ممدوح کے حق میں دعائے خیر کرتا ہوا بتاریخ یکم جمادی الاول سنہ ۱۳۰۰ھ میں پٹنہ پہنچا۔ تاریخ رہائی نتیجہ فکر سے جناب حضرت عمی شمس العلماء مولانا محمد سعید قدس سرہٗ العزیز ساکن محلہ مغلپورہ منحلات شہر پٹنہ کے یہ ہے:

| تسطاس البلاغہ صفحہ ۲۸۹ | قطعہ تاریخ | مطبعہ احسن المطابع عظیم آباد سنہ ۱۳۰۰ھ |
|---|---|---|

تنے چند از عظیم آباد پٹنہ ۔۔۔ کہ بودند اہل علم وفضل باہر
برایشاں با عبور بحر پرشور ۔۔۔ چو شد حکم دوام حبس صادر
ازاں یاں چند کس مردند در قید ۔۔۔ رہا گشتند باقی ماندہ آخر
بحکم ویسرائے قیصر ہند ۔۔۔ کہ دارد بر رعایا رحم وافر
یکے زاں مولوی عبدالرحیم است ۔۔۔ کہ وصف او نہ گنجد در دفاتر
چو کردم فکر تاریخ رہائی ۔۔۔ مرا بیتے خوشی آمد بخاطر
نظیرش کم تواند یافت آں کس ۔۔۔ کہ باشد در فن تاریخ ماہر
پس از طول زمن الحمد للہ (۱۳۰۰ھ) ۔۔۔ رہا گشتند اسیران جزائر (۱۸۸۳ع)
حروف مہملیاں سال ہجری (سنہ ۱۳۰۰) ۔۔۔ سنین عیسوی از شعر ظاہر (سنہ ۱۸۸۳ع)

ہم لوگ کلکتہ سے بحراست پولیس پٹنہ پہنچائے گئے۔ بانکی پور اسٹیشن سے اتر کر اول سیڈلر صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے بنگلے پر ہم لوگ گئے۔ وہاں ایک اقرارنامہ پر دستخط لیا گیا کہ ہر مہینے کی پہلی تاریخ صاحب کی کچہری میں آکر حاضری دیا کریں اور بغیر اجازت صاحب موصوف کے شہر سے باہر نہ جائیں۔ جب کہیں جانا ہو تو اپنے مکان کے متصلہ چوکی یا تھانہ پر اطلاع بھیجدیں اور بعد مراجعت پھر اطلاع تھانہ کو بھیجدیا کریں۔ چنانچہ یہ حکم قریب سات برس کے عمل میں آتا رہا۔ لیکن بعد کو حاضری ماہواری و اطلاع دہی تھانہ وغیرہ بھی اٹھالی گئی۔ مگر اس وقت تک یہ حکم البتہ باقی ہے کہ بغیر اطلاع

Marfat.com

ارجمند بخانہ آں عزیز شنیدہ بغایت مسرور شدم ہمانا کہ حصول این نعمت بعد مراجعت از کربتِ غربت از جناب باری فضل بالائے فضل است حسب ایمائے مولویصاحب ممدوح کہ مرا مضی شریف نام تاریخی گفتہ بودند یکے نام تاریخی بہم رسانیدہ قطعہ آں درست کردہ بخدمت شاں فرستادہ بودم غالبًا بمطالعہ ساطعہ در آمدہ باشد دراں یک شعر زیادہ کردہ و یک قطع تاریخ دیگر گفتہ درین قرطاس می نگارم اللہ تعالیٰ درعمر و اقبال این پسر برکت دہاد۔ قطعہ

| | | |
|---|---|---|
| بوالاقدر عالی خاندانے | بعلم و اتقا ممتاز قرآں | کہ نامِ نامیش عبدالرحیم است |
| خدا بخشید فرزندے بہ از جاں | دوشنبہ وقت عصر چاردہ بود | ز شہر مولد شاہ رسولاں |
| شود تا سال میلاد آشکارا | نہم نامش محمد فضل رحماں ١٣٠١ھ | دیگر دل عبدالرحیم شاد گردید |
| ز میلاد پسر تا بیا خوب | چو آمد این پسر مرغوب جانہا | شدش سال ولادت این مرغوب ١٣٠١ھ |

محمد سعید عفی عنہ ٩ ربیع الاوّل شریف روز سہ شنبہ ١٣٠١ھ فضل الرحیم محمدی بھی نام تاریخی اُس کا ہے۔ بہرکیف دوسرے سال چار مہینے قبل از رمضان شریف میں نے ایک درخواست لوکل گورنمنٹ میں واسطے حصول اجازت سفر حج کے بھیجدی اور خیال یہ تھا کہ ماہ رجب میں یہاں سے روانہ ہو جاؤں اور اوائل شعبان تک مکہ معظمہ پہنچ جاؤں۔ تا رمضان شریف کا مہینہ تمام و کمال مکہ معظمہ میں گذرے۔ لیکن قسمت کی خوبی کہ وہ درخواست بعد بڑے جھگڑے اور قیل و قال بسیار کے منظور ہو کر بتاریخ بارہویں شعبان ١٣٠١ہجری میرے پاس پہنچی۔ اس میں صرف آٹھ مہینے کے لئے اجازت دی گئی تھی۔ میں اس کی صبح کو یعنی تیرہویں ١٣ شعبان کو چھٹی منظوری کی لئے ہوئے کچہری صاحب مجسٹریٹ بہادر کی حاضر ہوا واسطے حصول پاس پورٹ کے چنانچہ بڑی سعی و کوشش سے اُسی روز پاس پورٹ میں نے حاصل کیا اور صاحب نے زبانی حکم دیا کہ بمبئی میں پہنچ کر تم کو سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس اپنی حاضری دینی ہوگی چنانچہ چودہویں تاریخ علے الصباح تن تنہا بغیر کسی ساتھی اور نوکر وغیرہ ڈاک گاڑی پر سوار ہو گیا اور دو روز میں بمبئی پہنچا۔ بھنڈی بازار اسمٰعیل سیٹھ کے مسافر خانہ

سفر

میں گیا۔ وہاں کثرت مسافر و غلاظت وغیرہ کے سبب سے طبیعت کو نفرت ہوئی میں نے چاہا کہ کوئی دوسرا مکان یا مسافر خانہ ملے تو وہاں اپنا قیام کروں۔ الغرض اس کے قریب ہی ایک دوسرا مسافر خانہ تھا۔ میں وہاں چلا گیا، دیکھا تو مکان نہایت وسیع اور خالی پڑا ہوا ہے۔ صرف دو چار مسافر اس میں تھے۔ اس مسافر خانہ والوں نے بڑے تپاک سے میرا خیر مقدم کیا۔ میں ایک کوٹھری کرایہ لے کر اپنا اسباب وہاں رکھ کر فی الفور صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کی کچہری میں حاضر ہوا اس وقت عبدالعلی خاں سپرنٹنڈنٹ پولیس تھے۔ اُن سے جا کر ملا۔ انہوں نے کہا کہ ہاں تمہاری نسبت پٹنہ سے تار آیا ہے۔ میں تمہارے منتظر تھا۔ میں نے کہا کہ پرسوں ڈاک کا جہاز عدن کو جانے والا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اسی پر سوار ہو جاؤں کہ وہ ایک ہفتہ میں عدن پہنچے گا۔ اور وہاں سے خدیوی مصری ڈاک کے جہاز پر سوار ہو کر ایک ہفتہ میں جدّہ پہنچوں گا۔ اور اس طرح پہلی دوسری رمضان تک میں داخل مکّہ معظمہ ہو جاؤں گا۔ اور رمضان شریف بخوبی مجھ کو حرم محترم میں گذرے گا کیونکہ رمضان میں عمرہ کرنے کا ثواب حج کے برابر ہے۔ مگر افسوس کہ ہماری بدقسمتی نے یہاں بھی ہم کو روکا۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ نے فرمایا کہ مجھ کو حکم ملا ہے کہ تم کو حاجیوں کے جہاز پر سوار کر دوں اور دوسرے کسی جہاز پر تم کو سوار ہونے کی اجازت نہیں، ناچار قہر درویش بر جان درویش۔ مجھ کو وہاں حاجیوں کے جہاز کے انتظار میں بائیں روز تک ٹھہرنا پڑا۔ آخر دسویں رمضان شریف ۱۳۱۰ھ ہجری میں کلبیا جہاز پر میں سوار ہوا۔ کہ جس پر ساڑھے تیرہ سو حاجی سوار تھے۔ میں تن تنہا فرسٹ کلاس کی ایک کوٹھری میں جا بیٹھا۔ نہ میرے پاس کوئی نوکر اور نہ کوئی میرا ہموطن اس جہاز میں تھا۔ میں نے کھانا پکانے کی تکلیف سے بچنے کے لئے کچھ روٹی اور بسکٹ اور شیرینی وغیرہ لے لی اور احتیاطاً کچھ چاول دال بھی خرید کر رکھ لیا کہ جہاں کہیں موقع ہوگا پکا لوں گا۔ جہاز پر گودی میں سوار ہوا۔ دو روز تک تو جہاز اچھی طور پر چلا۔ تیسرے روز جب سقوطرہ کے درمیان میں پہنچا۔ سخت تلاطم و تموج سے سامنا ہوا۔ کیونکہ جولائی کا مہینہ تھا۔ اور جون و جولائی و اگست ان تینوں مہینوں میں بحر ہند میں طوفان شدید رہا کرتا ہے۔ خصوصاً بحر سقوطرہ میں ایسا طوفان و

Marfat.com

تلاطم و تموج رہتا ہے کہ ہر سال کوئی نہ کوئی جہاز غرق ہو جاتا ہے۔ چنانچہ میرے جہاز کو بھی شدید ترین طوفان سے سامنا ہوا۔ انجن کا پہیہ ٹوٹ گیا۔ مستول جہاز کا ٹوٹ کر گرا کہ جس سے چھتری پر کے چند مسافر ہلاک ہوئے۔ تین دنوں تک جملہ مسافروں کو اپنی زندگی سے مایوسی ہو گئی تھی۔ جہاز تین روز تک کھڑا موجوں کے تھپیڑے میں ادھر سے اُدھر ڈانواں ڈول پھرتا رہا۔ الغرض ایک ہفتہ کا راستہ دو ہفتوں میں طے کر کے وہ جہاز عدن میں پہنچا۔ روٹی اور شیرینی وغیرہ جو کھانے کی چیزیں میں نے اپنے ہمراہ لے لی تھیں، وہ کل دو ہی روز میں شورہوا کے باعث سڑ گئیں اور دریا میں پھینکی گئیں۔ میں بارہ[۱۲] تیرہ[۱۳] دن صرف ایک گھونٹ پانی پر گذارا کرتا رہا۔ جب جہاز عدن کو پہنچا، چاہا کہ شہر میں جا کر کچھ چیز لے کر کھاؤں اور شہر کو بھی دیکھوں۔ مگر کپتان جہاز سے معلوم ہوا کہ یہ جہاز صرف ایک گھنٹہ یہاں ٹھہرے گا۔ ڈاکٹر آ کر جہاز کا ملاحظہ کرے گا۔ اور حکم دے گا تو جہاز چلایا جائے گا۔ ناچار اسی جہاز پر رہا اور ہوڑیوں پر جو لوگ روٹی اور پھل وغیرہ لائے تھے، خرید کر کھایا اور ایک خط لکھ کر کپتان کے حوالہ کر دیا کہ وہ بذریعہ ڈاک ہندوستان کو روانہ کر دے۔

وہاں سے جہاز روانہ ہوا اور پانچ چھ روز میں بمقام قمران پہنچا۔ وہاں ہم سب حاجی لوگ جہاز سے اُتار کر ایک میدان ریگستان میں کہ جہاں ٹین کی بارکیں بکثرت بنی ہوئی تھیں رکھے گئے اور ہم لوگوں کو سنایا کہ دس روز کا قرنطینا کرنا ہوگا۔ اگر اس دس روز میں کوئی مرض متعدی ان مسافروں میں پایا نہیں جائے گا تو اسی دس روز میں چھٹی ہو جائے گی۔ ورنہ میعاد بڑھادی جائے گی اور وہاں کے اہل کاروں کی زبانی معلوم ہوا کہ مسافر حجاج کے واسطے یہاں بارہ کمپ بنے ہوئے ہیں اور ہر کمپ میں اٹھارہ بیس مکانات اس قدر وسیع بنے ہوئے ہیں کہ ہر ایک میں سو آدمی کی گنجائش بخوبی ہو سکتی ہے، اور ہر ایک کمپ دوسرے سے اس قدر فاصلے پر ہے کہ ایک کمپ والا دوسرے کو نہیں دیکھ سکتا۔ اور سلطانی فوج اس کے پہرے اور نگرانی کے واسطے ہر چہار طرف موجود ہے کہ مسافر اپنے کمپ سے باہر نہ جاوے اور ہر ایک کمپ میں ایک ترکی افسر اور اس کے ماتحت عربی بدو واسطے صفائی اور انتظام پہرے اور چوکی کے ہمہ وقت موجود تھے۔ چاول، دال،

Marfat.com

## مسماۃ قمرن مرحومہ

زوجہ منشی رجب علی مرحوم ساکن موضع کابرٹ، ان کی کل اولاد پر مجھ کو اطلاع نہیں ہے۔ آپ کی صرف ایک دختر کو میں جانتا ہوں۔ مسماۃ رحیمن زوجہ سید آل نبی مرحوم ساکن موضع آبگلہ ضلع گیا۔ انکے دو بیٹے ہوئے۔ سید (۱) اولاد علی مرحوم و سید (۲) امجد علی۔ سید اولاد علی کے ایک بیٹا (۱) فرزند علی اور دو بیٹیاں، مسماۃ وجیہۃ النسا، و (۳) مسماۃ مدارن و سید امجد علی کے تین بیٹے اور تین بیٹیاں۔ محمد (۱) کمال۔ محمد (۲) جمال۔ محمد جلال (۳)۔ مسماۃ عیدن (۴) زوجہ محمد تملیل ساکن موضع بیتھو ضلع گیا۔ و (۵) مسماۃ میمونہ و مسماۃ محمودن۔

Marfat.com

ہے کہ ۱۸۴۵ء کے بعد سے انگریز ان علاقوں کے قانونی طور پر نہیں تو واقعتاً مالک ہو چکے تھے۔ خاصکر اس واقعہ میں مولانا ولایت علی اور ان کے رفقا کی ساری گفتگو انگریز فوجی افسران ہی سے ہوئی۔ اس گفتگو میں سکھ سردا ران کا کوئی نشان [illegible] نظر نہیں آتا۔

ایک بعد کے انگریزی مصنف جناب بیچی نے ایک جریدے [illegible] PRESENT & جلد ۴۶) میں اس بات پر زور دیا ہے کہ کشمیر [illegible] ان علاقوں میں اس بات پر زور دیا ہے کہ کشمیر اور سرحد کے ان علاقوں [illegible] حکومت کا دوبارہ تسلط جمانے میں انگریزی فوج نمایاں طور پر پیش پیش تھی۔

اس واقعہ پر سب سے اہم اور مستند اطلاع ایک مختصر بیان سے ملتی ہے جو اس وقت کے انگریزی کاغذات میں موجود ہے۔ یہ بیان ایک شخص [illegible] ولد جان علی ساکن حاجی پور ضلع مظفر پور نے ۲ اراکتوبر ۱۸۶۹ء کو [illegible] اسسٹنٹ کمشنر کے سامنے دیا تھا۔ ان کی پیدائش [illegible] [illegible] جماعت کے اہم کارکن تھے [illegible] [illegible] کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ بعد میں مولانا ولایت علی سے بھی بیعت [illegible] کو گئے اور بہت سی جنگوں میں شامل رہے جس کا ذکر ان کے بیان میں [illegible] واقعہ کے متعلق ان کا بیان عینی شہادت کی حیثیت رکھتا ہے [illegible] متعلقہ حصہ کا ترجمہ مندرجہ ذیل ہے۔

"اس وقت مسٹر ایبٹ ہزارا میں موجود تھے اور انہوں نے ایک [illegible] سردار کو (جن کا نام مجھے اس وقت یاد نہیں) ہدایت کی کہ وہ [illegible] سے اس دعوے پر [illegible] آمادہ کرے کہ ہم لوگوں کو نکل جانے [illegible] کہ ہم لوگوں کو اپنی نگرانی میں رکھیں اور یہ کہ [illegible] کو علیحدہ کرنا چاہیں تو وہ ان کی قیمت دیں گے۔ چنانچہ [illegible] بندوقیں، زنبورکیں اور اونٹوں کی قیمت طور پر بارہ ہزار روپے [illegible]

## فہرست مضامین الدرر المنثور فی احوال اہل صادق پور معروف بہ تذکرۂ صادقہ


(۱) تقریظ نوشتہ مولانا ابوالکلام آزاد — الف

۲۔ قطعہ تاریخ تالیف این تذکرہ از مولوی شاہ محمد اکبر، اکبر ابوالعلائی — ج

۲۔ " " " " از مولوی الٰہی بخش خان بزاگری بہاری — د

۳، اشتباہ از مصنف — (ر)

۴۔ وجہ تالیف کتاب و انتساب حضرت مولانا ولایت علیؒ — ۲

۵ نسب نامہ حضرت مولانا ولایت علی، نسب نامہ شیخ ہاشمی ابن صبغی

۶۔ سوانح حضرت زبیر عم رسول اللہؐ — ۸

۷۔ سوانح عبداللہ بن زبیرؓ — ۹

۸۔ ترجمہ محمد تاج فقیہ — ۱۱

۹۔ سوانح حضرت مخدوم یحییٰ منیری — ۱۶

۱۰ سوانح مخدوم عزیز الدین پوکھی — ۱۷

۱۱۔ سوانح حضرت مولانا محمد عارف قدس سرہٗ — ۱۸

۱۲ مولانا حنیفہ رشیدؒ — ۱۸

۱۳ نقل نسب نامہ سید فرزند عبدالکریم مرحوم

۱۴ قاضی ملا احمد رشید


Marfat.com

بی بی رسمادہ مرحومہ ۲۱

قاضی سید صادق علی مرحوم ۲۲

مولانا محمد سعید بن مولانا رحمۃ اللہ قاضی قدس سرہٗ ۲۲

مسماۃ نذیرن زوجہ میر ابو القاسم ساکن بارہ ۲۶

فصل دوم شجرہ نامہ ام الکرام مولانا ولایت علی ۲۹

محمد شاہ بادشاہ تا اورنگ زیب و شاہ جہاں ۳۳

بی بی سودن بنت رحیم بنت ملا محمد فاضل ۳۵

منقول از روبکار کچہری ڈپٹی کلکٹر ۳۶

مولانا عبد العلی بن مولانا ارادت اللہ ۳۷

جعفر علی ابن رضا ″

مولوی الٰہی بخش جعفری ۴۰

مولانا رحمۃ اللہ ۴۳

مولوی ملک اللہ ۵۹

مولانا فیاض علی ۶۰

مولانا یحییٰ علی ۶۲

مولوی اکبر علی ۷۹

سماۃ جمیلۃ النساء بنت مولوی الٰہی بخش ۸۰

" وجیہ النساء " "

" سلیمن دختر مولوی مولوی الٰہی بخش "

حکیم مولوی عبد الحمید ۸۱

ضمیمہ تذکرہ ڈاکٹر عظیم الدین احمد ۸۹

مولوی اشرف علی ۹۴

ترجمۂ مولانا عبد الحکیم مرحوم (از ... المحدث) ۹۷

ضمیمہ تذکرہ مولانا عبد الحکیم صاحب شیخپوری ۱۰۴

مولوی رحمت اللہ ۱۱۱

ترجمہ مولوی محمد یقین بن مولانا احمد اللہ ۱۱۳

" مولوی عبد القیوم ۱۱۵

" مولوی الحمد ... ۱۱۷

ضمیمہ تذکرہ مولانا اشرف ... مولوی ...

مولوی محمد مسلم ۱۳۶

ترجمہ مولوی یوسف جعفری نگہوری ۱۴۰

ضمیمہ تذکرہ مولوی محمد یوسف نگہوری ۱۴۲

حکیم رعایت حسین بنام احمد علی حکیم ۲۸۲
" عبدالشکور بنام حکیم محمد علی ۲۸۳
ترجمہ حکیم ارادت حسین خلف سید ابوالعلی ۲۸۴
مسمی محمد یعقوب بنام ارادت حسین ۲۹۲
ضمیمہ تذکرہ محمد یعقوب بنام ۲۹۶
ترجمہ مسمی محمد اسحاق (اخبار اہلحدیث) ۳۰۲
ضمیمہ تذکرہ [illegible] البتہ بنام محمد اسحاق ۳۰۸
مسماۃ زبیدہ بنام ... ۳۱۰
" سلیمہ ... "
" ہاجرہ ... ۳۱۴
" ... "
حکیم ... لطیف حسین "
نسب نامہ سید ولایت علی ۳۲۵
سوانح حضرت عباس رض ۳۳۶
سوانح حضرت عبداللہ بن عباس ۳۳۲
میر محمود نمبر ۱۶ ۳۳۵


Marfat.com

